سینٹرل پولیس آفس

پاکستان ریلویز پولیس لاہور

No.1PRP/CPO/PRO/LHR-2024 مورخہ:17-01-2024

## پریس ریلیز

## <u>ریلویز پولیس کی سال 2023 میں متاثر کن کارکردگی</u>

## <u>3401 مقدمات درج اور 3913 ملزمان گرفتار</u>

لاہور: پاکستان ریلویز پولیس نے سال 2023 کے دوران بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ریلویز اور دیگر قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف 3401 مقدمات کا اندراج کیا اور اسی تناظر میں 3913 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ ریلویز میٹیریل چوری کرنے والوں کے خلاف 800 مقدمات درج کر کے 1047 ملزمان کو گرفتار کیا گیا اور تقریباً 04 کروڑ 77 لاکھ کی ریلوے پراپرٹی برآمد کی گئی۔ اسی طرح ریلویز اراضی پر ناجائز انکروچمنٹ کرنے والوں کے خلاف 927 مقدمات درج کر کے 973 ملزمان کو گرفتار کیا گیا اور ریلویز اراضی پر ناجائز قابضین کے خلاف مشترکہ آپریشن عمل میں لا کر تقریباً 161.226 ایکڑ پر مشتمل 6824.353 ملین روپے مالیتی (6 ارب 82 کروڑ 43 لاکھ روپے) کی جگہ واگزار کروائی گئی جس میں 76.369 ایکڑ کمرشل، 65.440 ایکڑ زرعی اور 19.417 ایکڑ رہائشی ریلوے اراضی شامل ہے۔

منشیات کے خلاف 200 مقدمات درج کیے گئے اور 202 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ کارروائی کے دوران 118 کلو منشیات اور 923 عدد شراب کی بوتلیں برآمد کی گئیں۔ ٹرینوں اور ریلیپٹ فارمز پر غیر قانونی ہاکرز کے خلاف 74 مقدمات کا اندراج کر کے 21000 روپے جرمانہ سرکاری خزانے میں جمع کروایا گیا۔ سال 2023 میں 120 کے قریب عدالتی اور پولیس مفروران کو گرفتار کیا گیا۔ اسی طرح بذریعہ ٹرین غیر قانونی اسلحہ کی اسمگلنگ کرنے والوں کے خلاف 97 مقدمات درج کیے گئے اور 97 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔

تفصیلات کے مطابق سال 2023 کے دوران ریلویز پولیس کی آٹھوں ڈویژن ہائے نے 3401 مقدمات درج کیے۔ اسی سلسلہ میں پشاور ڈویژن میں 571، راولپنڈی 526، لاہور 1009، مغلپورہ ورکشاپس 171، ملتان 466، سکھر 165، کراچی 445 اور کوئٹہ ڈویژن میں 48 مقدمات کا اندراج کیا گیا۔

ملک بھر کے تمام بڑے ریلوے اسٹیشنوں پر قائم ریلویز پولیس ہیلپ سنٹرز نے بھی سال 2023 کے دوران بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے 87 گمشدہ لڑکے اور 92 لڑکیوں کو بحفاظت ورثاء کے حوالے کیا اور اسی طرح گھر سے بھاگے ہوئے 310 لڑکوں، 190 لڑکیوں اور 47 عورتوں کو قانونی تقاضوں کو پورا کرنے کے بعد ورثاء اور ویلفیئر اداروں کے حوالے کیا گیا۔ اسکے علاوہ مسافروں کے 2087 گمشدہ بیگ جن کی مالیت تقریباً 2 کروڑ 10 لاکھ روپے بنتی ہے کو حقیقی مالکان کے حوالے کیا گیا۔ 15061 مسافروں کو فرسٹ ایڈ، وہیل چیئر اور اسٹریچر جیسی دیگر سہولیات بھی فراہم کی گئیں۔

واضح رہے کہ موجودہ آئی جی ریلویز پولیس کی سربراہی میں سال 2023 میں ریلویز پولیس کی کارکردگی سال 2022 کے برعکس شاندار اور نمایاں رہی جس میں گذشتہ سال کے مقابلے میں اضافی مقدمات کا اندراج کیا گیا اور ریلویز حدود اور ٹرینوں میں جرائم کی روک تھام کے لئے تادیبی اقدامات اٹھائے گئے۔

پبلک ریلیشنز آفیسر،

پی آر پی، سی پی او، لاہور۔

********

**Central Police Office**
**Pakistan Railways Police Lahore**

NO.1 PRP/CPO/PRO/LHR-2024 Dated: 15-01-2024

## PRESS RELEASE

## Railways Police register 3401 cases and arrest 3913 in the year 2023

Lahore, Jan 15, 2024: Pakistan Railways Police during the year 2023 in an exceptional performance registered 3401 cases against those who violated the laws in railways jurisdiction and arrested 3913 accused in this context. 1047 accused were arrested and 800 cases were registered against those who were involved in the theft of railway material and railway property of worth about 40.77 million was recovered from them. Similarly, 927 cases were registered against those who illegally encroached on railway land and 973 accused were arrested in these cases. Likewise, in a joint operation against illegal occupants of railway land about 161.226 acres of land worth Rs.6824.353 million was vacated; the railway land comprises of 76.369 acres commercial, 65.440 acres agricultural and 19.417 acres residential property, respectively.

200 cases were registered against drug dealers and smugglers and 202 accused were arrested. During the year 2023, 118 kg of drugs and 923 bottles of liquor were recovered from them. 74 cases were registered against illegal hawkers on trains and platforms and a fine of Rs.21000 was deposited in the National treasury.

In the year 2023, around 120 judicial and police fugitives were arrested. Similarly, 97 cases were registered against those who attempted to smuggle and transport illegal arms through trains and 97 accused were arrested in this regard.

According to the details, during the year 2023, all eight divisions of the Railways Police registered 3401 cases. In the same context, 571 in Peshawar Division, 526 Rawalpindi, 1009 Lahore, 171 Mughalpura (Workshops), 466 Multan, 165 Sukkur, 445 Karachi, and 48 cases in Quetta division were registered.

Help Centers of Railways police established at all major railway stations across the country have also performed outstandingly during the year 2023 by safely handing over 87 missing boys and 92 girls. Similarly, 310 runaway boys, 190 girls and 47 women were handed over to the heirs and welfare institutions after the fulfilment of legal requirements. Apart from this, 2087 number passenger bags and luggage worth around 20.1 million rupees were handed over to their owners. 15061 passengers were also provided with other facilities in the form of first aid, wheel chairs and stretchers.

It is pertinent to mention here that under the command of incumbent IG Railways Police, the performance of the Railways Police in 2023 remained outstanding and the number of registered cases were exceeded as compared to the previous year 2022. During the year 2023, manifold disciplinary measures were taken in order to prevent the crimes on trains and railway stations.

Public Relations officer,
PRP,CPO,Lahore.

********